فوری ریلیز کے لیے: 2023/3/2 گورنر ***KATHY HOCHUL***

## گورنر HOCHUL نے لانگ آئی لینڈ یونیورسٹی کے $26 ملین مالیت والے کالج آف ویٹرنری میڈیسن لرننگ سینٹر کے افتتاح کا اعلان کر دیا

***ریاست نیویارک کی $12.75 ملین کی فنڈنگ جانوروں کے ڈاکٹروں کی آئندہ آنے والی کھیپوں کی معاونت کرتی ہے***

***یہ خاص الخاص آرٹ سہولت ہنرمند ماہرین، روزگار کے نئے مواقع، اور اقتصادی ترقی کو اس خطے کی جانب راغب کرے گی***

***یہ لرننگ سینٹر کالج آف ویٹرنری میڈیسن کے لئے لنگر کا کردار ادا کرتا ہے***

***لانگ آئلینڈ کا یونیورسٹی کالج شمال مشرق میں واقع صرف چار ویٹرنری پروگراموں میں سے ایک ہے***

گورنر Kathy Hochul نے آج بروک ویل، نساؤ کاؤنٹی مین واقع لانگ آئی لینڈ یونیورسٹی پوسٹ کیمپس میں لانگ آئی لینڈ یونیورسٹی کے کالج آف ویٹرنری میڈیسن لرننگ سینٹر کے افتتاح کا اعلان کر دیا۔ لانگ آئی لینڈ یونیورسٹی نے کالج آف ویٹرنری میڈیسن کے قیام کے لئے $53 ملین کی سرمایہ کاری کی، جس میں آج اعلان کردہ $26 ملین ویٹرنری لرننگ سینٹر کا اعلان بھی شامل ہے۔ 33,100 مربع فٹ پر محیط یہ جدید ترین سہولت کالج آف ویٹرنری میڈیسن کے لنگر کے طور پر کام کرتی ہے اور اپنے چار سالہ پروگرام کے ذریعے ڈاکٹر آف ویٹرنری میڈیسن پروگرام میں داخلہ لینے والے طلباء کو جامع تعلیم اور حقیقی دنیا میں کام آنے والی مہارتوں کے ساتھ تیار کرے گی۔ $12.75 ملین کی ریاست نیویارک کی فنڈنگ کی مدد سے کالج آف ویٹرنری میڈیسن نیو یارک کے میٹروپولیٹن علاقے میں امریکن ویٹرنری میڈیکل ایسوسی ایشن کونسل آن ایجوکیشن کی جانب سے تسلیم شدہ واحد ویٹرنری پروگرام ہے اور شمال مشرقی امریکہ میں واقع صرف چار ویٹرنری اسکولوں میں سے ایک ہے۔

"لانگ آئی لینڈ یونیورسٹی کالج آف ویٹرنری میڈیسن میں ریاست نیویارک کی سرمایہ کاری جدید ترین ویٹرنری خدمات کی بڑھتی ہوئی طلب کو پورا کرنے اور اس یہ امر یقینی بنانے کے ہمارے عزم کو ظاہر کرتی ہے کہ نیویارک کے باسیوں کو ان کی مرضی کے کیریئر کی راہ میں کامیابی کے لئے ضروری تعلیم اور تربیت تک رسائی حاصل ہو،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "جدید ترین ٹیکنالوجی اور تجربہ کار اساتذہ کے عملے سے لیس یہ نئی سہولیات طلباء کو قابل اور ہمدرد ویٹرنری ماہرین بننے کے لئے درکار تجربہ فراہم کریں گی جس سے وہ جانوروں کی صحت کی حفاظت بھی کریں گے اور ماحول کو محفوظ بھی رکھ سکیں گے۔"

ویٹنری پروگراموں میں فراہم کی جانے والی تعلیم اور تربیت جانوروں کی دیکھ بھال اور صحت عامہ کے شعبے میں انتہائی ہنرمند پیشہ ور ماہرین پیدا کرنے کے لئے اہم ترین بنیاد کی حیثیت رکھتی ہے۔ لرننگ سینٹر کلینیکل دائروں اور انٹرن شپ کے ذریعے ہمہ وقت دستیاب تعلیمی تجربات پیش کرتا ہے جن سے طلباء کو مختلف اقسام والی سیٹنگز میں عملی مہارت اور معلومات حاصل کرنے کا موقع ملتا ہے۔ اس سہولت میں طلباء-اساتذہ ریسرچ لیبارٹری جیسے جدید ترین مقامات ہیں جو بڑے لیکچر تھیٹرز، کلاس رومز، کلینیکل مہارتوں کی لیبارٹریاں، سیمینار رومز، اور چھوٹے جانوروں کا ایک سیمولیشن سوئٹ پر مشتمل ہے جس میں معائنہ کرنے کے کمرے، سرجیکل سوئٹس اور ایک میڈیکل امیجنگ سینٹر شامل ہیں۔ طلباء کو سرجری، تشخیصی معاونت، انتہائی نگہداشت، اور کامیاب ویٹرنری پریکٹس کے

لئے اہم دیگر شعبوں میں 75 سے زیادہ ملحقہ اداروں کے ساتھ بیرونی شراکت داری کے ذریعے حقیقی دنیا میں کام آنے والا تجربہ حاصل ہوگا، جن میں بنیادی دیکھ بھال اور خصوصی کلینکس، چڑیا گھر، تحقیقی لیبارٹریاں، پناہ گاہیں، ویٹرنری انڈسٹری کے قائدین، اور دیگر یونیورسٹیاں شامل ہیں۔

ویٹرنری ماہرین زرعی شعبے میں انتہائی اہم کردار ادا کرتے ہیں، جو خود معیشت کی ترقی میں ایک اہم شراکت دار کی حیثیت رکھتا ہے۔ لانگ آئی لینڈ یونیورسٹی (LIU) کے ویٹرنری پروگرام کی دستیابی ہنرمند ماہرین کو راغب کرے گی، جس سے روزگار کے نئے مواقع پیدا ہوں گے اور معاشی ترقی کو نمو ملے گی۔ اس پروگرام میں ریاست نیویارک کی سرمایہ کاری بھی اس شعبے میں بڑھتی ہوئی طلب کو پورا کرنے کے لئے ویٹرنری پیشہ ور ماہرین کی تربیت اور پیشرفت میں مدد و معاونت کرتی ہے۔ اس پروگرام کے گریجویٹس پریکٹس کے لئے تیار جانوروں کے ڈاکٹروں کی حیثیت سے افرادی قوت میں داخل ہونے یا اپنے منتخب کردہ شعبے میں مزید اعلی درجے کی مہارتیں حاصل کرنے کے لئے پوری طرح تیار ہوں گے۔ اس سہولت کی جدید ترین ٹیکنالوجیز کے ساتھ ساتھ تجربہ کار اساتذہ اور دستی تجربات کے ذریعے طالب علموں کو حقیقی دنیا کی ویٹرنری میڈیسن کے لئے تیار کیا جاتا ہے، جو ایک مسلسل ترقی پذیر شعبہ ہے اور جس میں جدید ترین ٹیکنالوجی اور علم کی ضرورت ہمہ وقت رہتی ہے۔ یہ پروگرام فی الوقت اپنے تیسرے سال میں ہے اور اس میں اب تک تقریباً 300 طلباء کو داخلہ دیا جا چکا ہے، جبکہ 2023-24 کے تعلیمی سال میں تقریباً 450 ویٹرنری اور گریجویٹ طلباء تک مزید بڑھنے کی توقع ہے۔

**ایمپائر اسٹیٹ ڈویلپمنٹ کی صدر، CEO اور کمشنر Hope Knight نے کہا،** "LIU کا کالج آف ویٹرنری میڈیسن ایک روشن شمع کی مانند ہے جو یہ بتا رہی ہے کہ تعلیم اور تحقیق کیسے جانوروں کے لئے مثبت تبدیلیاں لا سکتی ہیں اور ہماری برادریوں کی صحت اور خوشحالی بڑھانے کے لئے یکجا ہوسکتی ہیں۔ جدت طرازی اور تعلیم میں نیویارک کی اسٹریٹجک سرمایہ کاری ویٹرنری لرننگ سینٹر کے جدید نصاب، تحقیق اور کمیونٹی پارٹنرشپ میں واضح نظر آتی ہے جو طلباء کو ویٹرنری میڈیسن کے میدان میں انقلابی تبدیلیاں لانے والے ایجنٹوں میں تبدیل کرنے کے لئے باہم مل کر کام کریں گے۔"

**ایمپائر اسٹیٹ ڈویلپمنٹ بورڈ کے چیئرمین Kevin Law نے کہا،** "شمال مشرقی امریکہ میں واقع صرف چار ویٹرنری اسکولوں میں سے ایک کی حیثیت میں ویٹرنری لرننگ سینٹر ویٹرنری میڈیسن کے مستقبل کے لئے انقلابی تبدیلیاں لانے والا ایک ادارہ ہے۔ تعلیم کے میدان میں اس کے جدید نقطہ نظر، حقیقی امور کے ذریعے سیکھنے والے ماحول، اور حقیقی دنیا کے تجربات کے ذریعے طلباء کو اس میدان میں خصوصی مہارتیں حاصل کرنے کے لئے تمام ضروری تعلیم و تربیت تک دسترس ملے گی۔ لانگ آئی لینڈ یونیورسٹی کو ویٹرنری میڈیسن کی ترقی اور فروغ کے لئے کام کرنے اور ہر ایک کی فلاح و بہبود میں حصہ ڈالنے والے ان کے عزم مصمم پر بہت بہتمبارک باد۔"

**ریاستی سینیٹر Monica R. Martinez نے کہا،** " ایک طویل عرصے سے جانوروں سے محبت کرنے والی عورت اور وکیل کی حیثیت سے، میں بہت پُرجوش ہوں کہ لانگ آئی لینڈ میں یہ جدید ترین عمارت پہلی کالج آف ویٹرنری میڈیسن بنی جسے ریاست نیویارک کی بھرپور حمایت حاصل ہے۔ مجھے خوشی ہے کہ LIU کا پروگرام Town of Babylon Animal Shelter جیسے موجودہ فراہم کنندگان کے ساتھ شراکت داری اور حقیقی دنیا میں کام آنے والی تعلیم پر مبنی ہے۔"

**رکن اسمبلی Charles Lavine نے کہا،** "ویٹرنری میڈیسن کے میدان میں پہلے ہی ایک قومی رہنما کی حیثیت کا حامل یہ لرننگ سینٹر طلباء کے لئے مزید وسائل فراہم کرے گا اور LIU Post کے ہمہ وقت ترقی کرتے ہوئے کیمپس میں ایک حیرت انگیز اضافہ کرے گا۔"

**آئسٹر بے ٹاؤن کے سپروائزر Joseph Saladino نے کہا،** "مجھے بہت فخر ہے کہ آئسٹر بے کا شہر لانگ آئی لینڈ یونیورسٹی کا گھر ہے، جو عمدہ تعلیمی معیار کی حامل ہے اور عالمی معیار کا تحقیقی مرکز ہے اور جس کی ہماری کمیونٹی کے اندر اور اس سے باہر بہت پُروقار ساکھ ہے۔ لانگ آئلینڈ کا یونیورسٹی کالج شمال مشرق میں واقع صرف چار ویٹرنری پروگراموں میں سے ایک ہے تین سال قبل اپنے آغاز کے بعد سے کالج آف ویٹرنری میڈیسن شمال مشرق میں واقع صرف چار ویٹرنری پروگراموں میں سے ایک کے طور پر ہمارے لئے ایک اور زبردست اثاثہ بن گیا ہے۔"

**بروکلین گاؤں سٹر بے ٹاؤن کے میئر Daniel Serota نے کہا،** "لانگ آئی لینڈ یونیورسٹی لانگ آئی لینڈ کے شمالی ساحل کے ہیروں میں سے ایک ہیرا ہے۔ اس ویٹرنری اسکول کے اضافے کے ساتھ، اب ہمارے تاج میں ایک ہیرا سج گیا ہے۔"

**لانگ آئی لینڈ یونیورسٹی کی صدر Dr. Kimberly R. Cline نے کہا،** "کالج آف ویٹرنری میڈیسن لانگ آئی لینڈ یونیورسٹی کی عالمی معیار کی لائف سائنس کوریڈور کے جزو کے طور پر اسے ایک اعلی ترین تعلیمی اور تحقیقی سہولت کے طور پر فروغ دینے میں محرک کا کردار ادا کر رہا ہے، اور یہ کام گورنر Hochul اور ایمپائر اسٹیٹ ڈیولپمنٹ کی مضبوط مدد ع معاونت کے بغیر ممکن نہیں ہو سکتا تھا۔ ہمیں اپنے نئے کالج آف ویٹرنری میڈیسن کی سہولیات اور اس سے منسلکہ کلینیکل اور تحقیقی تجربات پر بہت فخر ہے جو طلباء کو ویٹرنری میڈیسن کے شعبے میں قائدین بننے کے لئے اہم مواقع فراہم کرتے ہیں۔"

**لانگ آئی لینڈ علاقائی معاشی ترقیاتی کونسل کے شریک صدور Linda Armyn، چیف سٹریٹجی اور مارکیٹنگ افسر برائے بیتھ پیج وفاقی کریڈٹ یونین اور فارمنگ ڈیل سٹیٹ کالج کے صدر Dr. John Nader نے کہا،** "ریاست نیویارک کی جانب سے LIU کالج آف ویٹرنری میڈیسن کیمپس میں سرمایہ کاری، جو 21 ویں صدی کی سہولیات اور اعلی رتبوں والے اساتذہ کا گھر ہے، ایک مستقبل کی سوچ رکھنے والا اقدام ہے جس میں ہمارے معاشرے اور معیشت کے لئے دیرپا فوائد پنہاں ہیں۔ ویٹرنری خدمات کی بڑھتی ہوئی طلب کے ساتھ یہ ضروری ہے کہ ہم پیشہ ور افراد کی آنے والی نسلوں کو اس لازمی ضروری تعلیم اور تربیت سے لیس کریں جس کی انہیں ہمدرد اور قابل ویٹرنری پریکٹیشنرز کے طور پر کامیاب ہونے کی ضرورت ہے۔"

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418